**28.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمندعلی خان

**Music**

-------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج جاپان اور چین کے دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔ وہ بھارت-جاپان سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

☆ وزیرِ اعظم نے کہا ہے کہ پردھان منتری جَن دَھن یوجنا سے لوگوں کے وقار میں اضافہ ہوا ہے اور انہیں اپنی تقدیر خود طے کرنے کی قوت ملی ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، مدھیہ مہاراشٹر اور اتراکھنڈ میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ جموں-سری نگر قومی شاہراہ چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے اب بھی بند ہے۔

☆ اور شطرنج میں بھارتی گرانڈ ماسٹر آر پراگ نندھا نے امریکہ میں جاری گرانڈ **Chess Tour** فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-JAPAN VISIT**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام جاپان کے دورے پر جارہے ہیں، جہاں وہ 15ویں بھارت-جاپان سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی کا جاپان کا یہ آٹھواں دورہ ہوگا، جبکہ جاپان کے وزیرِ اعظم **Shigeru Ishiba** کے ساتھ یہ اُن کی پہلی سربراہ ملاقات ہوگی۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس دورے میں دونوں رہنما بھارت اور جاپان کے درمیان خصوصی، کلیدی اور عالمی ساجھیداری کا جائزہ لیں گے۔ اِن شعبوں میں دفاع اور سکیورٹی، تجارت اور معیشت، تکنیک اور اختراع نیز عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

جاپان میں بھارت کے سفیر Sibi George نے آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے جاپان کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک کے نئے راستے کھلیں گے۔

**SB - 0830 - CV Jourj Ambesder Japan**

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں، وزیرِ اعظم 31 اگست سے پہلی ستمبر تک چین کے دورے پر رہیں گے، جہاں وہ Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی چین کے صدر Xi Jinping کی دعوت پر وہاں جارہے ہیں۔ x

**INDIA-JAPAN**

بھارت اور جاپان کے درمیان خصوصی، کلیدی اور عالمی شراکت داری رہی ہے۔ اِس کے علاوہ، دونوں ملکوں کے درمیان روحانی رابطوں اور مضبوط ثقافتی اور تہذیبی رشتوں کی بھی ایک طویل تاریخ ہے۔ بھارت اور جاپان، ایشیا کے دو سرکردہ جمہوری ملک ہیں اور یہ دنیا کی پانچ چوٹی کی معیشتوں میں شامل ہیں۔ بھارت اور جاپان کے تعلقات کو سال 2000 میں عالمی ساجھیداری کی سطح پر پہنچایا گیا تھا، جبکہ 2006 میں کلیدی اور عالمی ساجھیداری نیز 2014 میں خصوصی ، کلیدی اور عالمی ساجھیداری کی سطح پر پہنچایا گیا۔ سال 2006 سے بھارت اور جاپان کے درمیان باقاعدگی سے سالانہ سربراہ میٹنگیں ہوتی رہی ہیں۔ گذشتہ دہائی کے دوران باہمی تعلقات میں لگاتار اضافہ ہوا ہے اور اب تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، سلامتی، تکنیک اور اختراع کے شعبے بھی اِس کے دائرے میں آگئے ہیں۔ مالی سال 2023-24 میں بھارت اور جاپان کی باہمی تجارت 22 ارب 85 کروڑ ڈالر مالیت کی تھی۔ بھارت کی معاشی ترقی میں جاپان ایک اہم اتحادی ملک رہا ہے۔ سال 2000 سے لے کر 2024 کے درمیان جاپان کی طرف سے غیرملکی براہ راست سرمایہ کاری 43 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی تھی۔ اس طرح جاپان، بھارت میں غیرملکی سرمایہ کاری کا پانچواں سب سے بڑا وسیلہ بن گیا۔ x

**PMJD-11 YEARS**

پردھان منتری جن دھن یوجنا کو آج 11 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ دنیا میں مالی شمولیت کی یہ سب سے بڑی اسکیموں میں سے ایک ہے، جس کا اعلان وزیر اعظم نریندر مودی نے 15 اگست 2014 کو لال قلعے کی فصیل سے کیا تھا۔ یہ اسکیم بنیادی بچت بینک کھاتے کی دستیابی، ضرورت پر مبنی قرض تک رسائی، رقومات بھیجنے کی سہولت، بیمہ اور پنشن جیسی مختلف مالی خدمات تک رسائی کو یقینی بناتی ہے۔ پردھان منتری جن دھن یوجنا ہر گھر کیلئے کم از کم ایک بنیادی بینک کاری کھاتے، مالی امور کی جانکاری اور قرض تک رسائی کے ساتھ بینک کاری سہولیات تک عام رسائی کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔ اس میں شہری اور دیہی دونوں علاقوں کا احاطہ کیا گیا ہے اور جو لوگ اپنا کھاتہ کھولتے ہیں، اُنہیں RuPay Card کی شکل میں

Debit Card ملتا ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پردھان منتری جَن دَھن یوجنا سے پورے ملک میں لوگوں کی زندگی میں بڑی تبدیلی آئی ہے اور اُنہیں بااختیار بنایا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِ اعظم نے کہا کہ جب ہر شخص کو مالی شمولیت کے دائرے میں لایا جاتا ہے تو پورا ملک مل کر آگے بڑھتا ہے اور پردھان منتری جَن دَھن یوجنا سے یہ مقصد حاصل ہوا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ مذکورہ اسکیم سے لوگوں کی عظمت اور وقار میں اضافہ ہوا ہے اور انہیں اپنی تقدیر خود طے کرنے کی قوت ملی ہے۔ اِس موقع پر وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے اپنے پیغام میں کہا کہ پردھان منتری جَن دَھن یوجنا براہ راست فائدوں کی منتقلی کے وسیلے سے مختلف اسکیموں کے تحت فائدے پہنچانے کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہوئی ہے اور اِس سے لوگوں کو قرضوں کی سہولت، سماجی سکیورٹی ملی ہے اور بچت اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوسکا ہے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ پچھلے 11 سال میں 56 کروڑ سے زیادہ جَن دَھن کھاتے کھولے گئے ہیں۔ x

## IMD-WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج کے لیے چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، مدھیہ مہاراشٹر اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے دو سے تین روز کے دوران اُڈیشہ، وِدربھ، مدھیہ پردش ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم اور جھارکھنڈ میں کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔ اگلے ہفتے کے لیے گجرات خطّے، گوا، کونکن اور مدھیہ مہاراشٹر میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، مشرقی راجستھان اور ہریانہ کے دوردراز علاقوں میں اگلے 7 دن کے دوران شدید بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے دلّی NCR میں 5 دن تک بہت ہلکی سے ہلکی بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

## J&K-HIGHWAY

جموں وکشمیر کے اُدھم پور، رام بن حصے میں شدید بارش کے سبب کئی جگہ چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے اہم جموں-سری نگر قومی شاہراہ NH-44 آج مسلسل تیسرے روز ٹریفک کیلئے بند ہے۔ آ کاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ قومی شاہراہ کے بند ہونے سے راستے میں مختلف مقامات پر 600 سے زیادہ گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں۔ ملک کے بقیہ حصے سے وادی کشمیر کو مربوط کرنے والا واحد راستہ 250 کلومیٹر طویل شاہراہ پر اُدھم پورضلع میںJakheni اور Chenani کے درمیان مختلف مقامات پر چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے سبب رکاوٹ پیدا ہوگئی ہے۔ بارڈر روڈ آرگنائزیشن کے اہلکار اور مشینیں شاہراہ سے رکاوٹیں ہٹانے کیلئے جنگی پیمانے پر کام کررہے ہیں۔ کشتواڑ Sinthan-اننت ناگ شاہراہ بھی موٹر گاڑیوں کی آمد ورفت کیلئے بند ہے۔×

**PM-NAUKHAI**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج Naukhai کے موقع پر عوام کو مبارک باد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ یہ تہوار، اُن کسانوں کے تئیں اظہار تشکر کی یاد دلاتا ہے، جو سب کیلئے محنت کرتے ہیں۔ انہوں نے ہر کسی کیلئے اچھی صحت اور خوشحالی کی بھی دعا کی۔x

**PREZ-NAUKHAI**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے Nuakhai تہوار کے موقع پر اُڈیشہ کے لوگوں کو مبارک باد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار زراعت اور کسانوں کے تئیں تشکر کے اظہار کا ایک پوِتر موقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ Nuakhai خیرسگالی اور قربت کی علامت ہے۔ صدر جمہوریہ نے اس موقع پر اپنی نیک خواہشات پیش کیں اور ہر کسی کی زندگی میں خوشحالی اور امن کی دعا کی۔x

**COTTON DUTY EXEMPT**

سرکار نے خام کپاس کو درآمدی محصول سے مستثنٰی رکھنے کی مدت 30 ستمبر سے بڑھاکر 31 دسمبر کردی ہے۔ ایک بیان میں وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ بھارتی ٹیکسٹائل سیکٹر کیلئے کپاس کی دستیابی میں اضافے کی خاطر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اِس سے قبل سرکار نے 19 اگست سے 30 ستمبر تک کپاس کو درآمدی ڈیوٹی سے عارضی طور پر مستثنٰی کردیا تھا۔ x

**PAK-EARTHQUAKE**

کل پاکستان کے خیبرپختونخواہ اور اسلام آباد میں پانچ اعشاریہ تین شدت کا زلزلہ آیا۔ پاکستان کے موسمیات کے محکمے نے اس کی خبر دی ہے۔ اس زلزلے کے جھٹکے پشاور، سُوات، ملاکند سُوابی اور مان سہرا اور متصل علاقوں میں محسوس کئے گئے۔ پاکستان کے موسمیات کے محکمے نے کہا کہ اس زلزلے کا مرکز افغانستان کے ہندوکُش خطے میں تھا۔ فی الحال اس میں کسی جانی یا مالی نقصان کی خبرنہیں ہے۔x

**AIR MARSHAL-CHODS**

تھائی لینڈ میں جاری دفاعی سربراہان کی کانفرنس 2025 کے موقع پر بھارت کے مربوط دفاعی عملے کے سربراہ ایئر مارشل آشوتوش دیکشت نے ویتنام، جنوبی کوریا اور برطانیہ کے سینئر دفاعی عہدیداران کے ساتھ سلسلے وار میٹنگیں کیں۔ HQ IDS کے مطابق کثیر رُخی تبادلہ خیال میں دفاعی اشتراک بڑھانے، بحری اشتراک کے سلسلے میں پیش رفت، پیشہ وارانہ فوجی تبادلوں کو مستحکم

کرنے اور ٹیکنالوجی سمیت شراکت داری کے نئے شعبوں میں امکانات تلاش کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ایئر مارشل آشوتوش دیکشت 26 سے 28 اگست تک ہونے والی دفاعی سربراہان کی سالانہ کانفرنس میں شرکت کیلئے اس وقت تھائی لینڈ میں ہیں۔×

## RUSSIA MISSILES STRIKE

یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کیف پر روس کے تازہ میزائل حملے کی مذمت کی ہے، جس میں ایک بچے سمیت کم از کم 8 افراد ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔ ایکس کی ایک پوسٹ پر جناب زیلنسکی نے کہا کہ کیف میں بچاؤ کارکن ایک رہائشی عمارت سے ملبہ ہٹارہے ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری سے روس کے خلاف سخت موقف اختیار کرنے کی اپیل کی۔×

## GRAND CHESS TOUR FINAL

بھارت کے گرانڈ ماسٹر آر پرگیانند نے Sinquefield کپ میں پہلے رَنر اَپ کی پوزیشن حاصل کرنے کے بعد گرانڈ چیس ٹور کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اس میں امریکہ کے Wesley So نے ڈرامائی انداز میں خطاب جیتا۔ پرگیانند گرانڈ چیس ٹور کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرنے والے اس وقت واحد بھارتی ہیں۔×

## BADMINTON WORL CH'SHIP

بیڈمنٹن میں، مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں ستوِک سائی راج رنگی ریڈّی اور چراغ شیٹی پر مشتمل جوڑی اور اولمپک میں تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو، پیرس میں BWF ورلڈ چمپئن شپ 2025 کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

نویں پوزیشن کے کھلاڑی ستوِک اور چراغ کی جوڑی نے چینی تائی پے کے Kuang Heng اور Yang Po Han کی جوڑی کو 22-20 اور 21-13 سے ہرایا۔ وہیں خواتین کے سنگلز مقابلوں میں پی وی سندھو نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملیشیا کی Kanupathevan Letshanaa کو 21-19 اور 21-15 سے ہرایا۔ ×

## WORLD PARA ATHLETICS TEAM

آئندہ مہینے عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ کیلئے بھارتی کھلاڑیوں کے دستے کا کُل اعلان کردیا گیا ہے۔ یہ چمپئن شپ نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں 27 ستمبر سے 5 اکتوبر تک ہوگی۔ پیرس پیرالمپک میں گولڈ میڈلسٹ دھرم بیر نین اور کانسے کے دو تمغے جیتنے والی Sprinter پریتھی پال افتتاحی تقریب میں بھارت کے پرچم بردار ہوں گے۔ بھارت کے دستے میں 73 کھلاڑی شامل ہیں، جن میں 19 خواتین ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆